سوال

(119)وہ لوگ جن کو روزہ چھوڑنے اجازت ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

وہ لوگ جن کےلیے روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے مثلاً عمر رسیدہ مرد وعورت اور ایسا مریض جس کے شفایاب ہونے کی امید نہ ہو۔ایسے لوگوں کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے ؟ کیا روزہ نہ رکھنے کے عوض انہیں فدیہ دینا ہو گا ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

جو شخص بڑھاپے کی وجہ سے یا کسی ایسی بیماری کی وجہ سے جس شفایاب ہونے کی امید نہ ہو، روزہ رکھنے پر قادر نہ ہوا سے ہر دن کے بدلے بصورت استطاعت ایک مسکین کو کھانا کھلانا ہو گا جیسا کہ صحابہ کرام رضوان اللہ عنھم اجمعین کی ایک جماعت جن میں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی ہیں ۔ کا فتوی ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

ارکانِ اسلام سے متعلق اہم فتاویٰ

صفحہ: 201

محدث فتویٰ